**22.01.2025**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 'بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ تحریک' نے صنفی تعصّبات کو ختم کرنے میں مدد کی ہے اور بچیوں کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے راہ ہموار کی ہے۔

☆ دلی اسمبلی انتخاب کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے، سبھی سیاسی پارٹیوں کے رہنما چناؤ مہم میں شامل ہورہے ہیں۔

☆ جموں کشمیر میں راجوری ضلع کے **Badhaal** گاؤں کو حالیہ پراسرار اموات کی وجہ سے ایک کنٹینمنٹ زون قرار دیا گیا ہے۔

☆ ترکیہ میں **SKI** ریزروٹ ہوٹل میں کل آگ لگنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر **76** ہوگئی ہے۔

☆ کرکٹ میں آج شام، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں پانچ میچوں کی ٹی۔ٹوینٹی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

☆ انڈونیشیا ماسٹرس سُپر **500** بیڈمنٹن میں آج جکارتہ میں خواتین سنگلز کے پہلے مرحلے میں بھارت کی سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو کا مقابلہ ویتنام کی کھلاڑی **T.L.Nguyen** سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Beti BachaoBeti Padaho**

وزیراعظم نریندر مودی نے 'بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ تحریک' کے دس سال مکمل ہونے پر کہا ہے کہ یہ تحریک یکسر تبدیلی لانے والی ایک ایسی عوامی پہل بن گئی ہے جس میں معاشرے کے تمام طبقوں کو شامل کیا گیا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ مہم صنفی تعصب کو ختم کرنے اور ایک ایسا ماحول تشکیل دینے میں معاون رہی ہے جہاں لڑکی کو تعلیم اور موقعوں تک رسائی حاصل ہو، تاکہ وہ اپنے خوابوں کو حقیقت کی شکل دے سکے۔

وزیراعظم نے اس بات کو بھی اُجاگر کیا کہ تاریخی طور پر کم بچے اور بچیوں کے تناسب والے اضلاع میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ انہوں نے صنفی برابری کی اہمیت کے تعلق سے مہم کی گہرائی کو بھی سراہا۔

انہوں نے اس شاندار حصولیابی کا سنگ میل طے کرنے کے لیے لوگوں اور مختلف کمیونٹی سروس کی کوششوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تمام متعلقہ فریقوں کی اِس بات کے لیے ستائش کی جن کی وجہ سے یہ تحریک بنیادی سطح پر درخشاں تحریک بنی ہے۔ جناب مودی نے سبھی پر زور دیا کہ وہ لڑکیوں کے حقوق کا تحفظ کرنے کے سلسلے کو جاری رکھیں تاکہ اُن کی تعلیم اور ایک ایسی سوسائٹی کی تشکیل کو یقینی بنایا جاسکے جہاں وہ بنا کسی تفریق کے آگے بڑھ سکیں۔

## Delhi Poll Campaign

**70** رکنی دِلی اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔ وزیر اعظم اور **BJP** کے سینئر لیڈر جناب نریندر مودی، سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور عام آدمی پارٹی کے کنویز اروند کجریوال آج دِلی کے مختلف علاقوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

جناب مودی 'میرا بوتھ سب سے مضبوط' پروگرام کے تحت نمو ایپ کے ذریعہ پارٹی کے بوتھ سطح کے کارکنوں سے بات چیت کریں گے۔

پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ، قانون ساز اسمبلی کے ارکان، کاؤنسلر اور دیگر عہدے داران بھی اس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

راہل گاندھی آج شام صدر بازار اسمبلی حلقے کے اندرلوک علاقے میں پارٹی کے امیدوار کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

اروند کجریوال تین ریلیاں کریں گے، جبکہ عام آدمی پارٹی کے ایک اور لیڈر اور پنجاب کے وزیراعلیٰ روڈ شو کریں گے۔

حکمراں عام آدمی پارٹی اپنی چوتھی مدت کیلئے اس کی طرف سے صحت، بجلی، پانی، تعلیم اور دیگر شعبوں میں کئے گئے اقدامات کو اُجاگر کرکے ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

دوسری طرف **BJP** حکومت کی مبینہ بدانتظامی، ادھورے وعدوں اور مبینہ بے ضابطگیوں خصوصاً شراب گھپلے کو اُجاگر کرکے عام آدمی پارٹی کو حکومت سے ہٹانے کی کوششیں کررہی ہے۔

کانگریس لوگوں کو شیلا دکشت کی حکومت میں کئے گئے کاموں اور حکمراں پارٹی کی مبینہ ناکامیوں کی یاد دلانے کی پوری کوشش کررہی ہے۔

## Maha World Economic Forum

داؤس میں ورلڈ اکنامک فورم کے پہلے دن وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس کی قیادت میں مہاراشٹر میں **6** لاکھ **25** ہزار **457** کروڑ روپے کے سرمایہ کاری کے مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ یہ ایک ہی دن میں اتنی اہم سرمایہ کاری کی رقم حاصل کرنے کا ایک نیا ریکارڈ ہے۔ وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کئی کمپنیوں کے اہم عہدیداروں سے ملاقات کی اور اُنہیں مہاراشٹر میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ اِن میں سے ٹاٹاگروپ کے چیئرمین این چندرسیکھرن نے جناب فڑنویس سے بات چیت کی، جس

کے دوران اِس بات کی تصدیق کی گئی کہ ٹاٹاگروپ ریاست میں 30 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرے گا۔ جناب فڑنویس نے کارلس برگ گروپ، لولو گروپ، ری-نیو پاور، شنائڈر الیکٹرک، ماسٹر کارڈ اور کاگنیز ینٹ اور کئی دیگر کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگوں کے سلسلے نے کافی حد تک عالمی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور معاشی ترقی کو فروغ دینے میں مہاراشٹر کی توجہ کو اُجاگر کیا۔

## Paswan Davos

خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے صنعتوں کے وزیر چراغ پاسوان نے کہا ہے کہ مشروبات کی کمپنی AB InBev نے کہا ہے کہ وہ اگلے دو سے تین سال کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں 250 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔ جناب پاسوان نے Davos میں عالمی اقتصادی فورم کی سالانہ اجلاس سے الگ اِس کمپنی کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔

اُنہوں نے کہا کہ یہ بھارت کی خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعت میں ایک اور تاریخی قدم ہے۔

جناب پاسوان نے کہا کہ وزیراعظم کا نظریہ اِن پالیسیوں کے تعلق سے بالکل واضح ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کاروبار کرنے کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، جس سے سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

جناب پاسوان نے خوشی کا اظہار کیا کہ جس بنیادی ڈھانچے کو بننے میں برسوں کا وقت لگا ہے، اُس نے عالمی برادری کو بھارت آنے اور یہاں سرمایہ کاری کرنے کے اعتماد کو فروغ دیا ہے۔ اُنہوں نے کوکاکولا کے چیف آپریٹنگ آفیسر ہینرک براؤن سے بھی بات چیت کی۔ جناب پاسوان نے کل Davos میں بھارتی پویلین کا افتتاح کیا تھا۔

## J&K BNSS

جموں وکشمیر میں راجوری کی ضلع انتظامیہ نے Badhaal گاؤں کو کنٹینمنٹ زون قرار دیا ہے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ راجوری کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ذریعہ جاری کیے گئے ایک حکم کے مطابق مخصوص افسران کنٹینمنٹ زون میں کنبوں کو کھانے کی تقسیم اور کھانے کی اشیاء کی کھپت کی نگرانی کریں گے۔

متاثرہ کنبوں کے گھروں کو سیل کردیا گیا ہے اور علاقے میں تمام عوامی اور نجی اجتماعات پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر سرکاری طبی مراکز میں منتقل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ علاقے کو تین زون میں تقسیم کیا گیا ہے اور متاثرہ افراد کے قریبی رابطے میں آنے والے افراد کو لازمی طور پر قرنطینہ زون میں رکھا جائے گا۔

پولیس نے روزانہ کا لاک بُک رکھنے کا حکم دیا ہے جس میں کھانے کی تبدیلی کے ہر واقعے کو درج کیا جائے گا اور متعلقہ افسر کے دستخط کے ساتھ اس کا اندراج کیا جائے گا۔

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ پچھلے 45 دنوں میں پُراسرار حالات کے تحت 17 افراد اپنی جان گنوا چکے ہیں جس سے تین کنبے متاثر ہوئے ہیں۔

خصوصی تحقیقاتی ٹیم ایس آئی ٹی پہلے ہی موقع پر موجود ہے جو اس سلسلے میں تحقیقات کررہی ہے۔

## Turkiye Fire

شمال مغربی ترکیہ کے Bolu صوبے کے Kartalkaya میں ایک SKI Resort کے ایک ہوٹل میں آگ لگنے کے واقعہ میں کم سے کم 76 افراد ہلاک اور 51 دیگر زخمی ہوگئے۔

ترکیہ کے داخلی امور کے وزیر Ali Yerlikaya نے بتایا ہے کہ Kartalkaye کے Mountain-top Resort کے 12 منزلہ Grand Kartal ہوٹل کے ریستوراں میں کل تقریباً صبح ساڑھے تین بجے آگ لگنے کا یہ واقعہ پیش آیا۔

خبروں میں کہا گیا ہے کہ احتیاط کے طور پر آس پاس کے ہوٹلوں کو بھی خالی کرالیا گیا ہے اور اس میں ٹھہرے ہوئے لوگوں کو علاقے کے دوسرے مقامات پر ٹھہرا دیا گیا ہے۔

ترکیہ کے وزیر انصاف Yilmaz Tunc نے چھ وکیلوں کی ایک ٹیم کو مقرر کیا ہے جو آگ لگنے کے اس حادثے کی اصل وجہ کی تحقیقات کرے گی۔ آگ کے اس واقعے کی تحقیقات کے سلسلے میں 9 لوگوں کو حراست میں لیا گیا ہے۔ اِن لوگوں میں ہوٹل کا مالک بھی شامل ہے۔

## MAHAKUMBH - UP CABINET

اترپردیش سرکار کی، خصوصی کابینہ کی میٹنگ آج پریاگ راج میں جاری ہے۔ اترپردیش سرکار کے سبھی 54 وزیروں کو اِس میٹنگ میں مدعو کیا گیا ہے، جس کا انعقاد میلے کے Triveni Sankul میں وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں کیا جارہا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِس میٹنگ میں ریاست میں عوامی بہبود اور ترقی کے سلسلے میں اہم فیصلے کئے جاسکتے ہیں۔

اِس سے پہلے یہ میٹنگ، میلہ اتھارٹی کے آڈیٹوریم میں منعقد ہونا تھی، لیکن سنگم میں اسنان کے لیے مہا کُمبھ میں آنے والے عقیدتمندوں کی، کسی طرح کی پریشانی سے بچنے کے لیے، میٹنگ کا مقام بدلا گیا ہے۔ اِس کے بعد وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور کابینہ ارکان، تریوینی سنگم پر رسوم ادا کریں گے اور اشنان کریں گے۔ 2019 میں کُمبھ میلے کے دوران وزیر اعلیٰ نے اپنے وزیروں، اکھاڑہ پریشد کے صدر نریندر گری اور دیگر سادھوؤں کے ساتھ تریوینی سنگم میں رسمی اشنان کیا تھا۔

## Jharkhand Naxal Encounter

جھارکھنڈ میں بوکارو ضلع کے نواڈیہہ بلاک میں Penk Narayanpur پولیس اسٹیشن کے تحت Bansi گاؤں کے نزدیکی جنگلاتی علاقے میں جھارکھنڈ پولیس اور نکسلیوں کے درمیان ایک مڈبھیڑ ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اِس مڈبھیڑ میں پولیس کے دو جوان زخمی ہوگئے، جبکہ موقع واردات سے دو نکسلیوں کی لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ آج صبح سے تلاشی مہم جاری ہے۔

## Punjab Agriculture

پنجاب کے زراعت اور کسانوں کی فلاح وبہبود کے وزیر گرمیت سنگھ Khudian نے ریاست کے زراعت کے سبھی چیف افسران CAOs کو ہدایت دی ہے کہ وہ مرکز اور ریاست کی معاونت سے چلنے والی زرعی اسکیموں کی ہفتہ میں دو مرتبہ پیش

رفت سے متعلق رپورٹ داخل کریں تاکہ بہتر نتائج حاصل کیے جاسکیں۔ CAOs کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے جاری اسکیموں اور پروجیکٹوں کا جائزہ لیا اور موثر کارکردگی کو بڑھانے کے لیے ان اسکیموں کی باریکی سے نگرانی کرنے کے لیے کہا۔

## EPFO Mmebers

ملازمین کے پرووِیڈنٹ فنڈ سے متعلق اسکیم EPFO نے گزشتہ سال نومبر میں 14 لاکھ 63 ہزار ممبروں کو شامل کیا ہے جو اکتوبر 2024 کے مقابلے کل ممبروں کی تعداد میں 9 اعشاریہ صفر سات فیصد کا اضافہ ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے اِس اضافے کا سہرا روزگار کے بڑھتے ہوئے مواقع، ملازمین کے فائدوں سے متعلق بیداری میں اضافے اور EPFO کے کامیاب آؤٹ ریچ پروگراموں کو دیا ہے۔ EPFO کے مطابق پچھلے سال نومبر کے مہینے میں تقریباً 8 لاکھ 74 ہزار نئے ممبروں کو شامل کیا جاچکا ہے۔

## CRICKET INDIA

کرکٹ میں آج شام، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں پانچ میچوں کی ٹی۔ٹوئینٹی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔

آسٹریلیا میں بارڈر۔ گواسکرٹرافی سیریز میں ہار کا سامنا کرنے کے بعد بھارتی ٹیم کی توجہ اب انگلینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی۔ٹوئینٹی سیریز اور تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کی طرف مرکوز ہوگئی ہے۔

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان ٹی۔ٹوئینٹی میچوں کی سیریز کا آغاز کولکاتہ میں ہو رہاہے۔ سیریز کے باقی میچز چنئی، راجکوٹ، پونے اور ممبئی میں کھیلے جائیں گے۔ ٹی۔ٹوئینٹی کا فائنل میچ 2 فروری کو ممبئی میں کھیلا جائے گا۔

## Badminton indonesia Masters

انڈونیشیا ماسٹرس سُپر 500 بیڈمنٹن میں آج جکارتہ میں خواتین سنگلز کے پہلے مرحلے میں بھارت کی سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو کا مقابلہ ویتنام کی کھلاڑی T.L.Nguyen سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام چار بجکر 40 منٹ پر شروع ہوگا۔ مردوں کے سنگلز کے پہلے مرحلے میں کرن جارج کا مقابلہ کوریا کے Jeon Hyeok-jin سے ہوگا۔ یہ میچ آج دس بج کر 40 منٹ پر شروع ہوگا۔ دوسری طرف لکشیہ سین کا سامنا جاپان کے کھلاڑی Takuma Obayashi سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بج کر 10 منٹ پر شروع ہوگا۔ کل ٹورنامنٹ کے پہلے دن خواتین ڈبلز کے پہلے مرحلے میں Tanisha کراسٹو اور اشون پُپّا کی بھارتی جوڑی نے تھائی لینڈ کی جوڑی کو 6-21 ، 14-21 سے شکست دی۔

☆☆☆